| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اسلامی آداب زندگی |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- گفتگو کے آداب جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو بولنے اور سمجھنے کی صلاحیت عطا کی ہے تاکہ وہ اپنے جذبات اور احساسات کو دوسروں تک پہنچا سکے اور زبان اس اظہار کا ایک ذریعہ ہے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۳۹ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے گُفت گو کا مفہوم پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں گفتگو کے آداب سکھائے ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ خود گفتگو کے آداب کا خاص خیال رکھتے۔ ہمیشہ نرم لہجے میں اور ٹھہر ٹھہر کر بات کرتے۔ الفاظ کا استعمال نہایت سوچ سمجھ کر کرتے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے الفاظ کا چُناؤ نہایت خوب صورت اور دل کش ہوتا تھا۔
- طلبہ سے سوال کریں گفتگو کے دوران سب سے اہم بات کیا ہوتی ہے؟ انھیں بتائیں جب بھی کسی سے ملیں تو اپنی بات کا آغاز سلام سے کریں۔
- کمرا جماعت میں طلبہ کے دو گروپ بنائیں اور انھیں آپس میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں اور تاکید کریں کہ وہ گفتگو کے آداب کا خاص خیال رکھیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| لہجہ | لَہ۔جَہ | الفاظ کی ادائی |
| دِل کش | دِل۔کش | خوبصورت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو(3)کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مشق جزو5 طلبہ سے حل کروائیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اسلامی آدابِ زندگی |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- گُفت گو کے آداب جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دینِ اسلام زندگی کے تمام معاملات میں ہماری راہ نمائی کرتا ہے۔

طلبہ کو بتائیں گُفت گو سے کسی بھی شخص کی عادات اور اخلاق کا اندازہ ہوتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۴۰ کے متن کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر گُفت گو کے آداب لکھیں۔ اور باری باری ہر بچے سے بلند خوانی کروائیں۔
- گفتگو کے آداب:

بات شروع کرنے سے پہلے سلام کرنا چاہیے۔

بات مختصر، واضح اور بامقصد ہونی چاہیے۔

بات نرم اور میٹھے لہجے میں کرنی چاہیے۔

فضول گفت گو سے پرہیز کرنا چاہیے۔

دوسروں کے لیے بُرے الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہییں۔

- طلبہ کو تاکید کریں اگر ہم گفت گو کے آداب پر عمل کریں گے تو خوش اخلاق کہلائیں گے۔ اچّھی گُفت گو کرنے والوں کو نہ صرف لوگ پسند کرتے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بھی خوش ہوں گے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فُضُول | فُ۔ ضُول | لاحاصل، فالتو |
| بات کاٹنا | بات۔ کاٹنا | گفتگو میں دخل دینا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو(٦) کا سوال طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔ کمرا جماعت میں گفتگو کا اہتمام کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

ہمیں بڑوں سے گفت گو کیسے کرنی چاہیے ؟ کے عنوان پر چند جملے اپنی کاپیوں میں تحریر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ (دہرائی) |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دو مختصر احادیث کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

## اعادہ: 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

## گھر کا کام:

N/A

| ورک شیٹ | 20منٹ |
| --- | --- |

سوال1: ترجمہ لکھیں۔

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

(سنن ترمذی، حدیث:2389)

______________________________

______________________________

سوال2: متعلقہ فقرات سے ملائیں۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا حصول

مشکلیں آسان ہونا

درود پاک پڑھنے کی فضیلت

جمعہ کے روز

نیکیوں میں اضافہ

درود پاک پڑھنے کے مواقع

دُعا سے پہلے

اذان کے بعد